ویمنز سیریز: انگلینڈ نے پاکستان کو دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں شکست دے دی

لاہور، 19 دسمبر 2019ء:

انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم نے دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کو 84رنز سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کرلی ہے۔انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم نے اوپنر زایمی جونزاور ڈینی وایٹ کی برق رفتار نصف سنچریوں کی بدولت پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پر 185 رنز بنائے۔جواب میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 9وکٹوں کے نقصان پر 101 رنزہی بناسکی۔

کنرارا اوول ملائیشیا میں کھیلے جانے والے میچ میں مہمان ٹیم کی کپتان ہیتھر نائٹ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم کی اوپنرز ایمی جونز اور ڈینی وایٹ نے اننگز کے آغاز سے ہی میزبان باؤلرز کے خلاف جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دونوں بیٹرز کے درمیان 68 گیندوں پر 120 رنز کی شاندار شراکت نے میچ میں انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم کی پوزیشن مستحکم کردی۔ ایمی جونز نے 52 گیندوں پر 11 چوکوں اور3چھکوں کی مدد سے 89 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ ڈینی وایٹ36 گیندوں پر 55 رنز بناکر پویلین واپس لوٹیں۔دونوں بیٹرزکے علاوہ مہمان ٹیم کی کوئی کرکٹر بھی لمبی اننگز کھیلنے میں ناکام رہی تاہم انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم نے مقررہ 20اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پر 185 رنزبنائے۔ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی جانب سےانعم امین اور ندا ڈار نے 2،2وکٹیں حاصل کیں۔

186 رنز کے تعاقب میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی بیٹرز ایک بار پھر متاثرکن کھیل کا مظاہر ہ کرنے میں ناکام رہیں۔ مڈل آرڈر بیٹر ارم جاوید کے علاوہ کوئی بیٹربھی لمبی اننگز نہ کھیل سکی۔ قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی صرف 3 کرکٹرز ڈبل فگر میں داخل ہوسکیں۔ ارم جاوید نے ایک چوکے اور 4 چھکوں کی بدولت 38 رنز کی اننگز کھیلی۔عالیہ ریاض 16 اور جویریہ خان 10 رنز بناکر آؤٹ ہوئیں۔ میزبان ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 101 رنز ہی بناسکی۔ انگلینڈ ویمنز ٹیم کی جانب سے ایکلےاسٹون ، کیتھرین برنٹ اور میڈی ویلیئرز نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

مہمان ٹیم کی اوپنر ایمی جونز کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

پاکستان اور انگلینڈ کی ویمنز ٹیموں کے درمیان سیریز کا تیسرا میچ 20دسمبر کو کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk